سوال

(659) سر پر بال رکھنے کی مسنون شکلیں کون کونسی ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سر پر بال رکھنے کی مسنون شکلیں کون کونسی ہیں؟ (حاجی عبدالرحمن السلفی چترال) (۱۵ جنوری ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سر کے بالوں کو متفرق جگہ سے لینا منع ہے۔ سر کے پورے بال رکھنے افضل ہیں۔ نبی اکرمﷺ کا عمل اسی پر تھا۔ منڈانے کا بھی جواز ہے۔

ایک بچے کا آپﷺ نے بعض بال مونڈے ہوئے دیکھے تو فرمایا: اس کے سب بال منڈوا دو یا پھر سب رکھو۔'' (سنن ابی داود، بابٌ فِی الذُّؤَابَةِ، رقم:۴۱۹۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب اللباس: صفحہ:481

محدث فتویٰ